اور جس طرح یہودیت اور عیسائیت کا اسلام سے جوڑ اور اتحاد ممکن نہیں اسی طرح سے اہل سنت اور شیعوں کے درمیان بھی اتحاد اور جوڑ کسی طرح ممکن نہیں۔

اہل سنت وہ ہیں کہ جو قرآن کریم اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حامل اور علمبردار ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کے ذریعہ سے دین کی حفاظت کی ' اہل سنت نے اسلام کی سربلندی کے لئے جہاد کیا ' اور اسلام کی سنہری تاریخ رقم کی ' جبکہ روافض (شیعہ) وہ لوگ ہیں کہ جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو سب و شتم اور لعن و ملامت کرتے ہیں جو اسلام کی بیخ کنی اور منہدم کرنے کے مترادف ہے اس لئے کہ یہ صحابہ کرام ہی تھے ' جنہوں نے ہم تک دین منتقل کیا چنانچہ اگر کوئی شخص صحابہ کرام پر طعن و تشنیع کرتا ہے تو گویا وہ دین کو منہدم کر رہا ہے۔

ذرا بتلایئے کہ اہل سنت اور شیعوں میں اتحاد اور جوڑ کیسے ممکن ہے ' جبکہ شیعہ ' حضرات خلفاء ثلاثہ یعنی حضرت ابوبکر ' حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم اجمعین کو گالیاں دیتے ہیں ' حالانکہ اگر ان کے پاس عقل ہوتی تو وہ یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سوچئے کہ حضرات خلفاء ثلاثہ کو طعن و تشنیع کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر طعن و تشنیع کے مترادف ہے۔ جو گستاخ صحابہ ہے وہ گستاخ رسول بھی ہے۔ اس لئے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سسر تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں انہوں نے آپ کے وزیر کا کردار ادا کیا اور آپ کے وصال کے بعد آپ کے خلیفہ ہوئے تو کیا جن کو یہ جلیل القدر مرتبہ عطا ہو اس پر طعن و تشنیع روا رکھی جا سکتی ہے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ تو وہ حضرات ہیں کہ جنہوں نے تمام غزوات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں شرکت کی' ایسے جلیل القدر صحابہ کرام پر طعن و تشنیع ہی شیعیت کے گمراہ اور باطل ہونے کی ایک واضح دلیل ہے۔

اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بیٹیوں کے شوہر تھے اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے پیغمبر کے لئے اچھے ساتھی ہی اختیار کرتے ہیں۔

اگر حضرات خلفائے ثلاثہ ایسے ہی تھے جیسے کہ یہ شیعہ کہتے ہیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو ان کے شر اور دشمنی سے کیوں آگاہ نہیں کیا۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ حضرات خلفائے ثلاثہ پر طعن و تشنیع خود حضرت علی رضی اللہ عنہ پر طعن و تشنیع کے مترادف ہے' اس لئے کہ حضرت علی نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے مسجد نبوی میں بخوشی بیعت خلافت کی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شادی اپنی بیٹی حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی بیعت کی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بھی بیعت کی' حضرت علی رضی اللہ عنہ ان تینوں حضرات کے وزیر' ان سے محبت کرنے والے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور ان کے خیر خواہ تھے' کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ کسی کافر سے سسرالی رشتہ قائم کرتے؟ کیا حضرت رضی اللہ تعالی عنہ کسی کافر سے بیعت کرتے؟ یہ حضرت رضی اللہ تعالی عنہ پر ایک واضح بہتان ہے۔

اسی طرح ان شیعوں کا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو لعن طعن کرنا حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو طعن و تشنیع کرنے کے مترادف ہے اس لئے کہ یہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ ہی تھے کہ جو بخوشی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے لئے خلافت سے دستبردار ہو گئے تھے اور آنحضرت صلی اللہ وسلم نے اپنی حیات طیبہ میں ہی اس کی پیش گوئی کرتے ہوئے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی تعریف کی تھی' کیا نواسہ رسول کسی ایسے کافر کے لئے جو مسلمانوں پر حکمرانی کرے خلافت سے دستبردار ہو سکتے ہیں؟ اگر شیعہ یہ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی تعالی عنہ و حضرت حسن رضی اللہ عنہ ان حضرات سے بیعت خلافت کرنے یا ان کے حق میں دستبردار ہونے پر مجبور تھے تو یہ بھی شیعوں کی بے وقوفی کی دلیل ہے اس لئے کہ یہ بات بھی درحقیقت حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی شان میں تنقیص اور گستاخی کے مترادف ہے۔

اور پھر یہ شیعہ کس منہ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر لعن طعن کرتے ہیں جبکہ اللہ تعالی نے قرآن کریم میں واضح طور پر ان کو مومنین کی "ماں" قرار دیا ہے ارشاد باری تعالی ہے "پیغمبر مومنوں پر ان کی جانوں سے زیادہ حق رکھتے ہیں اور پیغمبر کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔" (سورہ احزاب آیت ۵۶)

حقیقت یہ ہے کہ جو شخص بھی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کو لعن طعن کرتا ہے تو وہ اس شخص کی "ماں" نہیں (اس لئے کہ قرآن کی رو سے وہ مومنین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی ماں ہے جبکہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو لعن طعن کرنے والا مومن نہیں) اور جس شخص کی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا "ماں" ہیں وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر لعن طعن نہیں کرتا بلکہ ان سے محبت کرتا ہے (اس لئے کہ ان سے محبت کرنے والے مومنین ہیں)

اور پھر اہل سنت اور شیعوں کے درمیان جوڑ اور اتحاد کیسے ہو سکتا ہے جبکہ یہ شیعہ گمراہیت و ضلالت کے سردار و امام، "خمینی" کو مہدی کا نائب قرار دیتے ہیں، اور نائب کو بھی اسی طرح معصوم ہونا چاہیئے جیسے کہ اصل معصوم ہے تو جب امام مہدی معصوم ہیں تو خمینی جیسا گمراہ بھی معصوم ہوا، ذرا بتلایئے یہ کیسا تضاد ہے کہ خمینی جیسا واضح گمراہ امام مہدی جیسی معصوم شخصیت کا نائب ہو؟

روافض (شیعہ) نے اپنی کتاب "ولایت الفقیہ" میں مذکورہ عقائد کے مطابق اپنے مذہب کو بنیاد ہی سے مسخ کر دیا ہے، حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی باطل مذہب کے بعض عقائد اس کے دیگر عقائد کی خود ہی نفی کرتے ہیں اور وہ مذہب مختلف قسم کے تضادات پر مشتمل ہوتا ہے چنانچہ یہی حال شیعہ مذہب کا ہی، اہل بیت شیعوں کے ان باطل عقائد سے بری الذمہ ہیں، شریعت اور عقل کی رو سے شیعہ مذہب کے باطل اور بے بنیاد ہونے پر اس قدر دلائل ہیں کہ ان کو بڑی مشقت سے ہی شمار کیا جا سکتا ہے، ہم شیعہ مذہب کے پیروکاروں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ اسلام کے دائرے میں داخل ہو جائیں۔

اہل سنت والجماعت کا شیعوں سے ذرہ برابر بھی جوڑ نہیں، شیعہ، اسلام کے لئے یہود و نصاریٰ سے زیادہ ضرر رساں اور شر انگیز ہیں ان پر کبھی بھی اعتماد نہیں کرنا چاہیئے مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ ان کی تاک میں لگے رہیں اللہ تبارک و تعالیٰ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا ارشاد ہے "یہ تمہارے دشمن ہیں ان سے بے خوف نہ رہنا خدا ان کو ہلاک کرے یہ کہاں بہکے پھرتے ہیں۔" (المنافقون آیت ۴)

شیعہ مذہب کی داغ بیل ایک یہودی "عبداللہ بن سبا" اور ایک مجوسی "ابو لوء لوء" نے ڈالی ہے ان کے مذہب کا نسب نامہ یہودیوں اور مجوسیوں کی طرف لوٹتا ہے۔

لہذا مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے عقیدہ کا امتیازی تشخص برقرار رکھیں اور جو اللہ پسند کرتے ہیں اسی کو پسند کریں اور جو چیزیں اللہ کو ناگوار ہیں اس کو ناپسند کریں اور اہل اسلام آپس میں ایک دوسرے کے مددگار اور متحد ہوں۔

کفار کی قدیم تاریخ اور جدید حالات یہی بتلاتے ہیں کہ ان کو مسلمانوں کے خلاف دشمنی پر ان کے کافرانہ عقائد نے برانگیختہ کیا ہوا ہے ارشاد باری تعالی ہے "اور تم سے نہ تو یہودی کبھی خوش ہوں گے اور نہ عیسائی یہاں تک کہ ان کے مذہب کی پیروی اختیار کرلو۔" (سورہ بقرہ آیت ۱۲۰)

اسی طرح ارشاد باری تعالی ہے "اور یہ لوگ ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے، یہاں تک کہ اگر قدرت رکھیں تو تم کو تمہارے دین سے پھیردیں۔" (سورہ بقرہ آیت ۲۱۷)

ان کافرانہ طاقتوں نے فلسطین میں یہودی حکومت کی بنیاد محض اسلام سے نبرد آزما ہونے اور علاقہ میں کشیدگی برقرار رکھنے کے لئے ڈالی ہے اور یہی وجہ ہے کہ عالم اسلام ان استعماری قوتوں کے زیر اثر بہت سے دینی اور معاشرتی مشکلات اور بیماریوں میں مبتلا ہے۔

ان بڑے مسائل میں سے ایک اہم مسئلہ اسلامی ممالک میں شرعی عدالتوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا خاتمہ اور ان کی جگہ انسانوں کے بنائے ہوئے قوانین اور عدالتوں کا قیام ہے لیکن اللہ کے فضل وکرم سے سعودی عرب نے اب تک شرعی عدالتوں کو جو کہ اسلامی قانون کے مطابق فیصلہ کرتی ہیں باقی رکھا ہوا ہے اور توحید کا پرچم اسلامی ممالک میں بلند رکھا ہوا ہے۔

اور اب آخری چند سالوں میں یہود و نصاریٰ نے اسلامی ممالک میں عسکری طاقت کے ذریعہ قبضہ جمانے کے لئے ایک طریقہ یہ اختیار کیا ہے کہ وہ ان ممالک میں ظاہری اعتبار سے خود مشکلات پیدا کرتے ہیں اور پھر مسلمانوں کے ظاہری ہمدرد بن کر ان خود ساختہ مشکلات کے حل کے لئے ان ممالک میں اپنے فوجی لشکر بھیجتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ عالم اسلام اور خصوصاً" خلیج کے ممالک میں مختلف جماعتوں اور مذاہب کے عنوان سے فوجی انقلاب کا ایک سلسلہ شروع ہو گیا ہے یہ انقلابات کبھی بعث پارٹی کے نام سے' کبھی عرب قومیت کے نام سے اور کبھی اشتراکیت اور کیمونزم کے نام سے رواج پا گئے ہیں' ان جماعتوں کا اسلام سے ذرہ برابر بھی واسطہ اور تعلق نہیں۔ اس قسم کے نعروں اور جماعتوں نے صدام حسین جیسے فتنے عالم اسلام پر مسلط کر دیئے ہیں جس کی وجہ سے دین' علم اور ترقی بے حد متاثر ہو رہی ہے۔ www.KitaboSunnat.com

ان طاقتوں نے اپنے مشن کی تکمیل کے لئے اور صدائے حق کو دبانے کے لئے جسمانی اور ذہنی ٹارچر کے تمام حربے استعمال کئے اور عالم اسلام کی صلاحتیں یورپ کی طرف منتقل کروادیں چنانچہ جو ممالک ان فوجی انقلابات سے متاثر ہوئے وہ ہر اعتبار سے (دینی و اقتصادی) کمزور ہوتے چلے گئے یہاں تک کہ بعض عرب ممالک میں باجماعت نماز ادا کرنا قابل سزا جرم ہے (لاحول ولاقوۃ الا باللہ) اسلامی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عزت اور کرامت اور غیرت ایمانی کہاں ہے؟

الغرض جب ان بڑی طاقتوں اور ان بڑے ممالک کے لئے وسائل مہیا ہوگئے اور راہیں ہموار ہوگئیں تو انہوں نے خود ساختہ مسائل پیدا کرکے ان مسائل کے حل کو فوجی مداخلت کا ذریعہ بنایا جبکہ اس سے قبل یہ طاقتیں اقتصادی اور معاشی طور پر علاقہ کے اسلامی ممالک میں اثر و رسوخ حاصل کرچکی تھیں۔ اس فوجی مداخلت کے بعد ان بڑی طاقتوں کے چھپے ہوئے عزائم آشکار ہوگئے ہیں اور وہ یہ کہ محض دینی عداوت کے پیش نظر اس علاقہ کو آپس میں نبرد آزما چھوٹی چھوٹی سلطنتوں میں تقسیم کرکے اس کے امن و امان کو متاثر کرنا اور اس میں مستقل کشیدگی برقرار رکھنا ہیں۔ اور خصوصیت کے ساتھ ان بڑی طاقتوں کی نظریں حرمین شریفین پر ہیں اور مملکت سعودیہ عرب سے ان کو زبردست عداوت ہے اس لئے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ حرمین شریفین بہرحال عالم اسلام کے مراکز اور قلعے ہیں اور اب تو اسلام اور مسلمانوں کو نقصان پہنچانے کے لئے امریکہ' برطانیہ اور ان کے حواریوں اور تمام کافرانہ طاقتوں کے شرپسند عزائم کھل کر سامنے آگئے ہیں ان میں سے کسی پر اعتماد نہیں کرنا چاہئے اور مملکت سعودی عرب کے ساتھ ان طاقتوں کا عناد اور ضد اب اس طور پر سامنے آیا ہے کہ وہ اس سرزمین کی سلامتی اور اس کے وسائل ترقی و ضروریات زندگی پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔

امریکہ کو یہ بات معلوم ہونی چاہئے کہ مشرق و مغرب کے تمام مسلمان حرمین شریفین کے ساتھ انتہائی مضبوط رشتہ قائم کئے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ حرمین شریفین کی حفاظت کرے' یہ بلاد حرمین شریفین' مسلمانوں کے لئے آخری جائے پناہ ہیں۔

ان بڑی طاقتوں کے یہ شرپسند عزائم درج ذیل چھ امور انجام دینے کے لئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں

(۱) اس علاقہ میں یہودی حکومت کو برقرار رکھنے کا مستقل انتظام کرنا۔

(۲) ہیکل سلیمانی کی تعمیر کرنا۔

(۳) اس علاقہ کے ممالک پر یہودیوں کی فوجی برتری کو تحفظ فراہم کرنا۔

(۴) اس علاقہ کے قدرتی وسائل اور دولت پر قبضہ کرنا۔

(۵) اسلامی دعوت و تبلیغ کے کام میں رکاوٹ ڈالنا۔

(۶) اس علاقہ میں بداخلاقی اور ہر اس چیز کو فروغ دینا جو اسلام کے منافی ہو اور علاقہ کے امن کو مستقل کشیدہ رکھنا۔

اے مسلمانو! تمہیں "ترکیا" کے حالات سے عبرت حاصل کرنی چاہئے کہ جہاں ملعون کمال اتاترک کے زمانہ سے سیکولر حکومت کی داغ بیل ڈالی گئی اور وہاں کفر کو بزور اور قہرا" نافذ کیا گیا ترکیا کے حکمرانوں نے اسلام کو پس پشت ڈال دیا اور اسلام کے خلاف ہر مرحلہ پر محاذ آرائی کی شکل اختیار کی اور اب تک یہ سلسلہ جاری ہے وہاں کے حکمرانوں نے یہودیوں سے فوجی معاہدہ کیا اور انہوں نے ترکیا کو یہودیوں کی غلام اور فرمانبردار حکومت بنا کر رکھ دیا ہے' ترکیا کا کوئی جرم نہیں سوائے اس کے کہ وہ ایک زمانہ میں علم اسلام سربلند کئے ہوئے تھا۔

اے مسلمانو! تم جتنا اپنے اپنے حق سے دستبردار ہوتے جاؤ گے یہ تمہیں اسی قدر دباتے چلے جائیں گے اور پھر بھی تم سے کبھی خوش نہیں ہوں گے تمہیں چاہئے کہ اپنے حق کا دفاع کرو اور اپنے دین کا دفاع کرو۔

عراقی عوام کا چھ سال سے کس لئے بائیکاٹ کیا جارہا ہے ان بے بس لوگوں کا کیا قصور ہے سوائے اس کے کہ وہ مسلمان ہیں' صدام حسین اور اس کی جماعت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو تو اس بائیکاٹ سے کوئی نقصان نہیں ہوا بلکہ سراسر نقصان عراقی عوام کا ہوا ہے، عراق نے تو اقوام متحدہ کی صرف ایک قرارداد پر عمل نہیں کیا جبکہ اسرائیل نے اقوام متحدہ کی سات قراردادوں پر عمل نہیں کیا بلکہ اسرائیل نے تو کیمیائی اسلحہ کو ضائع کرنے کے معاہدہ پر بھی دستخط نہیں کئے حالانکہ اسرائیل ایسے علاقہ میں ہے جو جنگ کے شعلوں کی لپیٹ میں ہے اور وہاں کیمیائی اسلحہ کا وجود کسی صورت میں برداشت نہیں کیا جانا چاہئے حقیقت یہ ہے کہ صدام حسین اور اس کی جماعت دشمنان اسلام کے مقاصد پورے کر رہی ہیں۔

امریکہ کو میری خیرخواہانہ نصیحت ہے کہ وہ اس علاقہ کے معاملات میں دخل اندازی نہ کرے اس لئے کہ اس علاقہ کے تمام ممالک اور ان کا سرپرست سعودی عرب اس علاقہ کے امن کے ذمہ دار ہیں، امریکہ اپنی طاقت سے دھوکہ نہ کھائے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کی طاقت و قوت امریکہ سے بہت زیادہ ہے اور جب اللہ تعالیٰ کی جانب سے امریکہ کی بربادی کا فیصلہ ہوگا تو اس کی ساری قوت پگھل کر رہ جائے گی۔

امریکہ کو افغانستان میں روس کے انجام سے عبرت حاصل کرنی چاہئے، افغانیوں نے ایک چھوٹی سی لکڑی سے جہاد کیا تھا اور اللہ تعالیٰ کی نصرت سے ان کا جہاد اس ظالمانہ کافرانہ حکومت کے زوال کا سبب بن گیا، ٹیکنالوجی ہر چیز نہیں ہوتی اصل معاملہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نصرت ہے۔

اس علاقہ کا امن و امان اس علاقہ کے ممالک کا حق ہے اس علاقہ کی مشکلات اور مسائل اور کشیدگی کا اصل سبب یہی بڑے ممالک ہیں یہ اس علاقہ میں خود ہی واقعات رونما کراتے ہیں اور پھر ان واقعات اور اصلاح حال اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خطرات کو ٹالنے کا بہانہ بنا کر علاقہ میں اپنا تسلط قائم کرتے ہیں یہ جو خود علاقے کے امن کے لئے خطرہ ہوں وہ کیسے خطرات ٹال سکتے ہیں' بھیڑیا بکریوں کا نگہبان کیسے بن سکتا ہے؟

امریکہ حقیقت میں کچھ بھی نہیں بلکہ یہودی لابی نے اپنی منشا کے مطابق اس کو آلہ کار بنایا ہوا ہے۔

مسلمان' امریکہ یا کسی بھی ملک کی فوجوں کا اجتماع یہاں پر کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کرسکتے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "جزیرہ عرب میں دو دین باقی نہیں رہنے چاہئیں' آنحضرت صلی اللہ وسلم کی آخری وصیت یہی تھی کہ یہود و نصاریٰ کو جزیرہ عرب سے نکال دو۔" چنانچہ اس پر عمل کرنا ضروری ہے۔

مسلمانو! تم پر خوف کے بادل چھائے ہوئے ہیں' تم پر جو مصیبت آئی ہوتی ہے اس سے بچاؤ کے لئے تم پر توبہ فرض ہے اس لئے کہ مصیبت گناہوں کی وجہ سے آتی ہے اور توبہ سے ٹل جاتی ہے' اس لئے اگر کسی نے شراب نوشی کا جرم کیا ہے تو اسے چاہئے کہ وہ توبہ کرے کیونکہ اس طرح سے وہ اپنے معاشرے کے لئے کارآمد فرد بن جائے گا' جس کسی نے بدکاری کے ذریعہ اللہ کی نافرمانی کی ہے اسے چاہئے کہ وہ اس سے توبہ کرے' جس کسی نے نشہ آور چیزوں کے استعمال کے ذریعہ نافرمانی کی ہے وہ اس سے توبہ کرے اور اگر کسی نے نماز کو ترک کرکے معصیت کا ارتکاب کیا ہے تو وہ اس سے توبہ کرے' کسی نے اگر کسی مسلمان کے مال یا آبرو پر زیادتی کے ذریعہ معصیت کا ارتکاب کیا ہے تو وہ اپنے رب کی طرف رجوع کرے۔ اپنے معاملات کو سود سے پاک کرو' اس لئے کہ سود جنگوں اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہلاکتوں کا سبب بنتا ہے اور اپنے تمام معاملات اور کاروبار کو ان چیزوں سے پاک و صاف کرو جو اسلام اور قرآن و حدیث کے واضح احکامات کے خلاف ہوں تاکہ بینکوں کا سارا نظام شریعت کے احکام کے مطابق ہو۔

اللہ کی طرف دعوت دو' دین کی دعوت و تبلیغ کی نصرت و تائید کرو اور مسلمانوں کو دین کی تعلیم دو' عالم اسلام میں اسلامی نصاب تعلیم کا اہتمام کرو' اللہ کی جانب دعوت دینا ہر مسلمان پر واجب ہے' اور اس سلسلہ میں ان علما کی جانب رجوع کرو جن کے عقیدے علم' استقامت پر اعتماد ہو' اور جن کی طرف مسلمان اپنے درپیش مسائل میں قرآن و سنت کے مطابق فتویٰ حاصل کرنے کے لئے رجوع کرتے ہیں۔

اے مسلمانو! مسلمانوں میں تفریق اور گروہ پیدا کرنے والی جماعتوں اور منتشر و پراگندہ خواہشات اور آرا کی اتباع کرنے سے بچو' اللہ تعالیٰ کے عذاب اور اس کی پکڑ سے بھی بچو' ارشاد باری تعالیٰ ہے "مومنو! کسی غیر مذہب کے آدمی کو اپنا رازداں نہ بنانا یہ لوگ تمہاری خرابی اور فتنہ انگیزی کرنے میں کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے اور چاہتے ہیں کہ جس طرح ہو تمہیں تکلیف پہنچے اس کی زبانوں سے تو دشمنی ظاہر ہو ہی چکی ہے اور جو کینے ان کے سینوں میں مخفی ہیں وہ کہیں زیادہ ہیں اگر تم عقل رکھتے ہو تو ہم نے تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سنا دی ہیں' دیکھو! تم ایسے صاف دل لوگ ہو کر ان لوگوں سے دوستی رکھتے ہو حالانکہ وہ تم سے دوستی نہیں رکھتے' اور تم سب کتابوں پر ایمان رکھتے ہو اور وہ تمہاری کتاب کو نہیں مانتے' اور جب تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے اور جب الگ ہوتے ہیں تو تم پر غصے کے سبب انگلیاں کاٹ کاٹ کھاتے ہیں' ان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے کہہ دو کہ بدبختوں غصے میں مرجاؤ' خدا تمہارے دلوں کی باتوں سے خوب واقف ہے' اگر تمہیں آسودگی حاصل ہو تو ان کو بری لگتی ہے اور اگر رنج پہنچے تو خوش ہوتے ہیں' اور اگر تم تکلیفوں کو برداشت اور ان سے کنارہ کشی کرتے رہو گے تو ان کا فریب تمہیں کچھ بھی نقصان نہ پہنچا سکے گا' یہ جو کچھ کرتے ہیں خدا اس پر احاطہ کئے ہوئے ہے۔" (سورہ آل عمران ۱۱۸ تا ۱۲۰)۔

اللہ تعالٰی میرے اور آپ کے لئے قرآن کریم میں برکت عطا فرمائے' مجھے اور آپ کو قرآن کریم کی آیات اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نفع حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے' میں اللہ تعالٰی سے اپنے لئے' آپ کے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے ہر قسم کے گناہ سے مغفرت کا طلب گار ہوں' تم بھی اس سے مغفرت طلب کرو' بے شک وہ بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

دوسرا خطبہ

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے جو نیک لوگوں کا ساتھی اور مددگار ہے' میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اس کا کوئی شریک نہیں' اس نے مومنین کو عزت بخشی اور کافروں کو ذلیل و رسوا کیا اور میں گواہی دیتا ہوں ہمارے نبی اور ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں جو وعدے کے سچے اور امانتدار ہیں۔ اے اللہ اپنے بندے اور رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام اور برکتیں بھیجئے اور ان کے تمام آل اور اصحاب پر!

اللہ کے بندو! اللہ سے ڈرو' اللہ تبارک و تعالٰی ارشاد فرماتے ہیں "مومنو! خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم قبول کرو جبکہ رسول اللہ صلی اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علیہ وسلم تمہیں ایسے کام کے لئے بلاتے ہیں جو تم کو زندگی بخشتا ہے اور جان رکھو کہ خدا آدمی اور اس کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے اور یہ بھی کہ تم سب اس کے روبرو جمع کئے جاؤ گے' اور اس فتنہ سے ڈرو جو خصوصیت کے ساتھ صرف انہی لوگوں پر واقع نہ ہوگا کہ جو تم میں گناہ گار ہیں اور یاد رکھو کہ اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔" (سورہ انفال ۲۴'۲۵)

اے مسلمانو! اللہ کی کتاب اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر جمع ہو جاؤ اور ان پر عمل پیرا رہو اور ہر مسلمان کو چاہئے کہ وہ توبہ کرے' اور تمام اسلامی ممالک کو چاہئے کہ وہ کسی بھی ایسے درپیش خطرے کا مقابلہ کرنے کے لئے جو محض ان کے انتشار اور افتراق کی بنا پر ان کے معاملات میں مداخلت کر رہا ہو اس کا مقابلہ کرنے کے لئے باہم مضبوط اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنے والے ہو جائیں۔

خلیج کے تمام ممالک کو چاہئے کہ وہ آپس میں مضبوط رشتہ میں منسلک ہو جائیں اور باہم ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں اور اپنی کوئی انفرادی راہ تلاش نہ کریں اور سعودی عرب سے مشورہ کے بغیر کوئی قرارداد پاس نہ کریں' اس لئے کہ اس وقت سعودی عرب خلیج کے تمام ممالک کا مرجع ہے یہ تمام ممالک اللہ کی مدد کے بعد سعودی عرب سے اپنی قوت اور طاقت حاصل کرتے ہیں' سعودی عرب ان ممالک کے لئے ستون کی حیثیت رکھتا ہے' یہ تمام ممالک اس بات کا خیال رکھیں کہ وہ عراق پر لشکر کشی کے لئے اللہ کے دشمنوں میں سے کسی کو بھی اپنی زمین پر موجود فضائی اڈوں میں سے کسی بھی اڈے پر تسلط اور غلبہ حاصل کرنے نہ دیں' اس لئے کہ تمام مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں' ان فضائی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اڈوں کے استعمال کی اجازت دینے سے صرف عراقی عوام کا ہی نقصان ہوگا۔ انشاء اللہ عنقریب مصیبت ٹلنے والی ہے' لیکن اس کے باوجود اس بات کا بھی خطرہ ہے کہ بڑے ممالک اپنی ناجائز خواہشات اور اپنے شرپسندانہ عزائم کی تنفیذ کے لئے کوئی مشکل کھڑی نہ کردیں اس لئے اس بات پر خاص نظر رکھی جائے کہ کہیں وہ پھر اپنے تسلط کے لئے راہ ہموار نہ کرلیں' لہٰذا یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ کسی بھی ملک کو چاہے وہ امریکہ ہو یا کوئی اور ان کو کسی بھی اسلامی ملک پر لشکر کشی کے لئے اپنے کسی فضائی اڈے کے استعمال کی اجازت ہرگز ہرگز نہ دیں۔

اے مسلمانو! اللہ سے ڈرو' اسی طرح تمام اسلامی ممالک اور بلاد عربیہ کے لئے ضروری ہے کہ وہ مملکت سعودی عرب کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے اس بات کی کوشش کریں کہ غیر مسلم حکومتوں کے تمام فضائی اڈے اور ان کی تمام فوجیں یہاں سے جلد از جلد اپنا بوریا بستر سمیٹ لیں اس لئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "جزیرہ عرب میں دو دین (یہودیت اور عیسائیت) باقی نہیں رہنے چاہئیں۔" اس علاقہ کے ممالک اس علاقہ میں امن کے ذمہ دار ہیں اور اس علاقہ میں بدامنی سے وہ براہ راست متاثر ہوتے ہیں اگر یہ علاقہ بڑے ممالک کی دخل اندازی سے محفوظ ہوجائے تو پھر اس کو کوئی خطرہ درپیش نہیں۔

اے مسلمانو! اللہ سے ڈرو' آپس میں متحد اور مضبوط ہوجاؤ اور یاد رکھو کہ تم سے یہ لوگ حسد کرتے ہیں یہاں تک کہ اب تو وہ فضا جو کفر کے اثرات سے آلودہ ہوچکی ہے وہ بھی تم سے حسد کرنے لگی ہے اور فضا کی اس آلودگی کا سبب بھی انسان کی بداعمالیاں ہیں' یہ دشمنان اسلام تم سے صرف اور صرف اسلام اور اخلاق جیسی نعمتوں کی وجہ سے حسد کرتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ کے بندو! اللہ سے ڈرو اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد سنو!

"مجھے ڈر ہے کہ تم پر قومیں اسی طرح سے جھپٹیں جیسے کہ کھانے والے اپنی پلیٹ پر جمع ہوتے ہیں' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے سوال کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا معاملہ ہماری تعداد میں کمی کی وجہ سے ہوگا؟ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں تم اس وقت بہت کثیر تعداد میں ہوگے لیکن تمہارا حال سیلاب کے خس و خاشاک کی مانند ہوگا' اللہ تعالیٰ تمہارے دشمن کے دل سے تمہاری ہیبت نکال دے گا اور تمہارے دلوں میں "وہن" ڈال دے گا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے سوال کیا کہ یہ "وہن" کیا ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "دنیا کی محبت اور موت سے نفرت۔"

اے اللہ کے بندو! "اللہ اور اس کے فرشتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمتیں اور درود بھیجتے ہیں' لہٰذا اے ایمان والو! تم بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجو۔" اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمتیں بھیجتے ہیں۔"

اے اللہ! درود اور برکتیں بھیجئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے آل پر جیسے کہ آپ نے درود و سلام اور برکتیں بھیجیں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کے آل پر' بے شک آپ ستائش شدہ اور بزرگ و برتر ہیں۔

اے اللہ! چاروں خلفا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ اور تمام صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین اور تمام تابعین رضی اللہ عنہم سے راضی رہئے۔ اے اللہ! اپنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رحمت سے ہم سے بھی راضی ہو جائیے۔ اے اللہ! اسلام اور مسلمانوں کو عزت عطا فرما۔ اے اللہ! اسلام اور مسلمانوں کو عزت عطا فرما۔ اے اللہ! اسلام اور مسلمانوں کو عزت عطا فرما۔ اے اللہ! کفر اور کفار کو ذلیل و رسوا فرمائیے۔ اے اللہ! کفر کے سرداروں کی پکڑ فرمائیے۔ اے اللہ! ان میں آپس میں پھوٹ ڈال دے۔ اے اللہ! جو اسلام اور مسلمانوں سے عداوت رکھے اسے برباد کر دیجئے۔ اے اللہ! کفر کی حکومتوں کو آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ برسرپیکار کر کے مسلمانوں سے ان کی توجہ ہٹا دے۔ اے اللہ! دشمنان اسلام کے مکر و فریب کو ناکام بنا دے۔ اے اللہ! جو کوئی بھی ہمارے یا ہماری حکومتوں کے خلاف برائی اور شرانگیزی کا ارادہ کرے اس کی شرانگیزی اسی کی طرف لوٹا دے اور ان کے شر اور فریب کے درمیان آپ رکاوٹ بن جائیے۔

اے اللہ! یہود و نصاریٰ' ہندوؤں اور مشرکین کی پکڑ فرما۔ اے اللہ! ان پر وہ عذاب نازل فرما جس کے جرم کرنے والے مستحق ہیں۔ اے اللہ! انہوں نے زمین پر ظلم و زیادتی اور شر و فساد پھیلایا ہوا ہے' اے اللہ! ہم ان کے شر سے آپ کی پناہ مانگتے ہیں۔ اے اللہ! ہم روافض (شیعوں) کے شر سے آپ کی پناہ مانگتے ہیں' بے شک آپ ہر چیز پر قادر ہیں۔ اے اللہ! مسلمانوں میں باہم الفت و محبت اور اتفاق نصیب فرما' اور ان کو سلامتی کے راستے پر چلا' اور انہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال لائیے' اور مسلمانوں کی اپنے ان کے دشمنوں کے خلاف مدد فرما۔ اے ہمارے رب! ہمیں دنیا اور آخرت دونوں میں بہتری عطا فرمائے اور ہمیں آگ کے عذاب سے محفوظ رکھئے۔ اے اللہ! ہمارے سربراہ کی حفاظت فرما اور اسے ان کاموں کی توفیق عطا فرما جو تیری مرضی اور منشا کے مطابق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوں۔ اے اللہ! دین اور دنیا کے کاموں میں اس کا معین اور مددگار بن جا' اور اس کے معاملات جب الجھ جائیں تو اسے حق کی راہ سجھادے۔ اے اللہ! اس کے مشیروں کی اصلاح فرما اور مسلمانوں کو ان کاموں کی توفیق عطا فرما جو تیری مرضی اور منشا کے مطابق ہوں۔

اے اللہ کے بندو! اللہ تبارک وتعالٰی کا ارشاد ہے "اللہ تم کو انصاف اور احسان کرنے اور رشتہ داروں کو خرچ میں مدد دینے کا حکم دیتا ہے' اور بے حیائی اور نامعقول کاموں اور سرکشی سے منع کرتا ہے اور تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ تم یاد رکھو' اور جب خدا سے عہد واثق کرو تو اس کو پورا کرو' اور جب پکی قسمیں کھاؤ تو ان کو مت توڑو کہ تم خدا کو اپنا ضامن مقرر کرچکے ہو' اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس کو جانتا ہے۔" اللہ کا ذکر کرو' وہ بھی تمہارا ذکر خیر کرے گا' اور اس کی نعمتوں پر اس کا شکر بجالاؤ' وہ ان نعمتوں میں مزید اضافہ کرے گا۔ بے شک! اللہ کا ذکر بہت عظیم ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو جانتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امریکی ریشہ دوانیوں کے تناظر میں مفتی نظام الدین شامزئی کی ایک اہم تقریر

اس وقت افغانستان کا استحکام بالفاظ دیگر افغانستان میں طالبان حکومت کا استحکام "پاکستان کی ضرورت ہے" کا موضوع زیر بحث ہے پاکستان کی ایک طویل سرحد ہمارے ایک ازلی دشمن ہندوستان کے ساتھ لگتی ہے اور مجھ سے بہتر آپ حضرات جانتے ہیں کہ ہمیں دفاع پر کتنا کچھ خرچ کرنا پڑتا ہے اگرچہ ہمارے ہاں اب ایک لابی ایسی پیدا ہو چکی ہے جن کو ان ایک سو پچاس بلین روپوں پر تو اعتراض نہیں جو سود کی صورت میں ہم یہودیوں کو دیتے ہیں لیکن ایک سو ستائیس بلین روپوں پر انہیں اعتراض ہے جنہیں ہم دفاع پر خرچ کرتے ہیں۔ لیکن میں جو بات آپ کے سامنے عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ ایک طویل سرحد آپ کی ہندوستان کے ساتھ ہے اور سرحد پر ہمہ وقت ہماری بہادر فوج موجود بھی رہتی ہے اور ہم اس پر خرچ بھی کرتے ہیں کیا آپ چاہتے ہیں کہ وہ ایک سو ستائیس بلین روپے جو ایک سرحد کی حفاظت کے لئے آپ خرچ کرتے ہیں آپ کی تین ہزار کلومیٹر کی ایک اور طویل سرحد بھی خطرات کا شکار ہو اور آپ اس سرحد پر بھی اتنا ہی کچھ خرچ کریں۔

ہم استاذ برہان الدین ربانی اور دوسرے جتنے بھی حضرات ہیں ان کا احترام کرتے ہیں لیکن کیا یہ حقیقت نہیں کہ ایک دور ایسا بھی آیا کہ استاذ ربانی نے ہندوستان کو جلال آباد کے قریب پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کے لئے اڈوں کی پیشکش کی اور کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ آج مسعود اور ربانی کے رابطے کس سے ہیں؟ آج پاکستان کی اقتصادی حالت کو بہتر بنانے کے لئے طالبان حکومت مفید ہے یا وہ حکومت جو ان سے پہلے تھی یا وہ حکومت جسے ہم "وسیع البنیاد" کے نام سے لانا چاہتے ہیں۔

ہمارے کچھ پڑوسی ممالک ایسے ہیں میں یہ بات کسی مذہبی بنیاد پر عرض نہیں کر رہا ہوں ایران ہمارا پڑوسی ملک ہے افغانستان کے متعلق اس کی ایک پالیسی ہے اور وہ پالیسی ان کے اپنے مفادات پر مبنی ہے اور ہمیں مجبور کیا جا رہا ہے کہ ہم اپنے مفادات ترک کر کے ان کے مفادات کے مطابق اپنی افغان پالیسی تشکیل دیں۔ آپ جانتے ہیں کہ وسطی ایشیا کی ریاستوں میں پہنچنے کے لئے ایران نے پیش قدمی کی اور بندر عباس اور مشہد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے لے کر ترکمانستان تک ایک راستہ بنایا اور وہ چاہتا ہے کہ براستہ خلیج اس کے راستے کو استعمال کرتے ہوئے وسطی ایشیا تک پہنچا جائے اور اس کے فوائد ایران حاصل کرلے یہ اس کے مفاد میں ہے۔ وہ راستہ جو چمن سے گزر کر اسپین بولدک سے شروع ہوتا ہے اور اسپین بولدک سے گزرتے ہوئے وہ تورغنڈی تک پہنچتا ہے اور جو دنیا، وسطی ایشیا کی ریاستوں تک پہنچنے کے لئے یورپ اور خلیجی ممالک کے لئے بھی سب سے مختصر ترین اور قدرتی راستہ ہے لیکن اگر وہ راستہ کھل جائے تو اس کا فائدہ طالبان یا افغانستان کو حاصل ہوگا اور بالفاظ دیگر اس کا فائدہ پاکستان کو بھی حاصل ہوگا یہ میں کسی مذہبی تعصب کی بنیاد پر بات عرض نہیں کررہا ہوں بلکہ اقتصادی لحاظ سے یہ ایران کے مفاد میں ہے کہ افغانستان کی حالت ایسی ہی بدامنی کا شکار رہے اگرچہ یہ نتیجہ کے طور پر ان کے لئے بھی صحیح نہیں۔

ہمارے ملک کے پالیسی سازوں کو چاہئے کہ وہ کسی دوسرے کے مفادات کی بجائے اپنے مفادات کو سامنے رکھ کر بات کریں۔ ایران اگر وسیع البنیاد حکومت کی بات کرتا ہے تو اس میں اس کے اپنے مفادات ہیں لیکن آپ کس کی بولی بول رہے ہیں کہ ہم وسیع البنیاد حکومت بنائیں گے میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ وسیع البنیاد حکومت کا مطلب کیا ہے؟ یہود کی سازشوں میں سے ایک سازش یہ ہے کہ اس طرح کی مبہم قسم کی اصطلاح ہم میں رائج کردی جاتی ہے کہ جس کا مفہوم ہم خود بھی نہیں سمجھتے اور جس کا مفہوم ہم خود بھی متعین نہیں کرسکتے۔ وسیع البنیاد حکومت کا کیا مطلب؟ اگر وسیع البنیاد حکومت کا مطلب یہ ہے کہ افغانستان کے وہ مختلف طبقات اس میں شامل ہوں تو آج طالبان کی حکومت یقیناً وسیع البنیاد حکومت ہے۔ اس میں پشتو، تاجکی، ازبکی اور دیگر زبانیں بولنے والے موجود ہیں اور افغانستان کے تمام طبقوں کی نمائندگی اس میں موجود ہے۔ اگر وسیع البنیاد حکومت کا مقصد یہ ہو کہ طالبان جو اس وقت افغانستان کے نوے فیصد علاقے پر قابض ہیں وہ اپنے دشمنوں کو اپنے ساتھ شامل کرلیں تو میں پوچھنا چاہوں گا کہ!!! آپ دنیا میں ایسی وسیع البنیاد حکومت مجھے بتادیں جہاں کسی حزب اقتدار نے اور ملک کے ۹۰ یا ۸۰ فیصد حصے پر قابض پارٹی نے اپنے دشمنوں کو اپنے ساتھ ملایا ہو؟

ربانی، مسعود اور حکمتیار کو اللہ تعالیٰ نے موقع عطا فرمایا تھا لیکن افغانستان کے اندر ان کا کردار کیا رہا اور ابھی تک افغانستان اور پاکستان ان ملامتوں سے جو بیرونی دنیا کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرف سے افغانستان کی وجہ سے اس پر پڑ رہی تھیں ان سے ہمیں خلاصی نہیں ہوئی تھی کہ افغانستان میں ایسی حکومت قائم ہو گئی کہ جس نے پاکستان کو بھی آنکھیں دکھانا شروع کردیں اور یہاں میں اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا۔

دوسری بات جو مجھے آپ سے عرض کرنی ہے وہ یہ کہ ہمیں چاہیے کہ ہم منافقت سے نکلیں اور منافقت سے نکل کر دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کو اپنے عوام اور مسلمان بھائیوں کے سامنے پیش کردیں اور جو لوگ جو کردار ادا کر رہے ہیں وہ اس دنیا کے سامنے پیش کردیں۔ ورنہ تاریخ ہمیں معاف نہیں کرے گی کہ آپ نے اپنی قوم اور امت مسلمہ کے ساتھ غداری کی ہے۔

آج اسلامی دنیا کی حالت یہ ہے کہ امریکہ اور یورپی ممالک کے بینکوں میں مسلمانوں کے آٹھ سو بلین ڈالرز ہیں۔ آئی ایم ایف اور دیگر مالیاتی اداروں نے مجموعی طور پر پورے عالم اسلام کو جو قرضہ دیا ہے وہ (۶۱۹) بلین ڈالرز ہے۔ گویا (۱۸۱) بلین ڈالرز آپ کے ان کے پاس پڑے ہوئے ہیں وہ قرضہ دیئے ہوئے ہم سے اپنی شرائط منواتے ہیں ہم اپنی کوئی شرط ان سے نہیں منوا سکتے۔ کبھی آپ نے اس پر غور کیا ہے کہ اس کی وجہ کیا ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ عالم اسلام کو اس وقت منافقت سے نکلنے کی ضرورت ہے نیز ہم جس عطار کے لونڈے کی وجہ سے بیمار ہوتے ہیں اسی سے ہم دوا چاہتے ہیں اور اس سے دوا مل نہیں سکتی۔

آج منافقت کی انتہا دیکھیں شاید آپ میں سے بہت سارے حضرات کے علم میں ہوگا آج دنیا کی ایک تنظیم ہے جسے "تنظیم آزادی فلسطین" کہتے ہیں یاسر عرفات جس کے سربراہ ہیں۔ دنیا میں اس تنظیم کا تشخص کیا ہے؟ میں تنقید نہیں کرنا چاہتا صرف منافقت کی ایک مثال آپ کے سامنے ذکر کرنا چاہتا ہوں اس تنظیم کا تشخص یہ ہے کہ یہودیوں کے خلاف فلسطینیوں کے مقصد کے لئے جہاد کرنے والی تنظیم۔ لیکن اس تنظیم کے یہودی بینکوں میں سات بلین ڈالرز پڑے ہوئے ہیں کن یہودیوں کے خلاف آپ کام کرنا چاہتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ نہ اللہ ہمیں معاف کریں گے نہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں معاف کریں گے نہ ہماری ملت اور تاریخ ہمیں معاف کرے گی۔

آج حرمین کے اردگرد ایک لاکھ بیس ہزار سے زیادہ امریکی فوجی موجود ہیں اور آبنائے ہرمز سے چوبیس گھنٹے میں صرف امریکہ کے لئے تیل سے بھرا ہوا ایک جہاز گزرتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے اور وہ تیل کہاں سے اور کیسے آتا ہے کبھی اس پر غور کیا ہے؟ آج سے تقریباً تئیس سال پہلے تیل کی قیمت (۴۵) ڈالر فی بیرل تھی آج آپ دیکھئے کہ ۱۹۷۵ء کے بعد اشیاء صرف کی قیمتیں کہاں پہنچ چکی ہیں لیکن اس وقت ایک بیرل (۴۵) ڈالر کا امریکی خرید تا تھا لیکن آج بزور شمشیر وہ دیگر اسلامی ممالک اور سعودی عرب سے خاص طور پر (۱۵) ڈالر فی بیرل کے حساب سے تیل خرید رہا ہے۔ بتائیے یہ ڈاکہ ہے یا نہیں' آج امت مسلمہ کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔

میرے بھائیو!!! یاد رکھو کہ ہمارا مسئلہ حل نہیں ہو گا بلکہ ہماری مشکلات اسی طرح رہیں گی آج ہمارے ملک کی حالت یہ ہے کہ پاکستانی قوم ایک انتہائی مقروض قوم ہے جس پر قرضوں کا بوجھ (۳۰) بلین ڈالرز ہے لیکن یہاں کے اہل ثروت حضرات اور باہر رہنے والے پاکستانیوں کا یورپی ممالک کے بینکوں میں (۶۵) بلین ڈالرز کی خطیر رقم پڑی ہوئی ہے آپ کیا کر رہے ہیں کسے دھوکہ دے رہے ہیں؟ اب ان حالات میں اور کیا کہا جا سکتا ہے۔

مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ پاکستان طالبان حکومت کی مکمل حمایت کرے گا لیکن ایک طرف ہماری پاکستانی حکومت طالبان کی حکومت کو تسلیم کرتی ہے اور ہمارے وزیر اعظم صاحب تہران کانفرنس کے موقع پر ربانی کو دورہ کی دعوت دیتے ہیں اور دعوت دینا بری بات نہیں' لیکن یہاں اسے جو پروٹوکول دیا گیا اس سے ایسا محسوس ہوا جیسے وہ افغانستان کا صدر ہو یہ سب چیزیں ایسی نہیں کہ پوشیدہ رہ سکیں یہ کھلا منافقانہ کردار ہے۔

ہمیں یہ محسوس ہو رہا ہے اور اس مجلس کی غرض و غایت بھی یہی ہے۔ میں صاف عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان حکومت کی افغان پالیسی میں کوئی تبدیلی آرہی ہے یا لائی جارہی ہے اور کیوں آرہی ہے کس کا دباؤ ہے میں اس تفصیل میں نہیں جانا چاہتا۔ لیکن بعض اقدامات سے یہ بات محسوس کی جارہی ہے ہم آپ سے یہ بات عرض کرنا چاہتے ہیں کہ اللہ کرے ایسا نہ ہو اور یہ ہماری خام خیالی ہو اللہ نہ کرے۔ خدانخواستہ درپردہ چین' روس' ترکمانستان' تاجکستان' اور امریکہ وغیرہ کو ملا کر جو کانفرنس آپ کرنا چاہتے ہیں اور اس کے ذریعے سے جو کچھ آپ کروانا چاہتے ہیں اس سلسلہ میں اتنی بات عرض کرتا ہوں کہ وہ اسلامی تحریک جو پاکستان میں شاید بیس سال بعد اٹھنے والی ہو وہ آج اٹھ جائے۔ تو اس لئے آپ ایران' تاجکستان' ازبکستان یا جتنے بھی ممالک جو افغانستان میں دلچسپی لے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہے ہیں ان کی کانفرنس بلائیں لیکن ہم یہ کہتے ہیں کہ آپ اپنے مفادات کو مدنظر رکھ کر پاکستانی مفاد میں فیصلہ کریں۔

میرے وطن کی سیاست کا حال مت پوچھ
گھری ہوئی ہے طوائف تماش بینوں میں

ہمیں اپنے دینی اور پاکستان سے متعلقہ مفادات کو مدنظر رکھنا چاہئے میں بہت ادب کے ساتھ یہ عرض کروں گا محترم جناب راجہ ظفرالحق صاحب سے کہ یہ میرے خیالات ہی نہیں بلکہ یہ پاکستان کے دینی طبقے کے خیالات ہیں وہ دینی طبقہ کہ جس کا رواجی سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے میں آپ کے توسط سے یہ جذبات وزیر اعظم صاحب تک پہنچانا چاہتا ہوں۔

www.KitaboSunnat.com

دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں پر یہ باتیں ہوئیں کہ بھی طالبان ایسا رویہ اختیار نہ کریں کہ ہر چیز کو مسترد کرتے جائیں۔ بعض باتیں ایسی ہیں کہ جو کہنے میں تو بہت اچھی لگتی ہیں لیکن حقیقت اور عمل کی دنیا میں ان کی قدر و قیمت نہیں ہوتی۔ طالبان نے اب تک ایسا نہیں کیا کہ کسی معقول چیز کو مسترد کیا ہو البتہ جو چیز اللہ کے دین میں جائز نہ ہو یا معقول نہ ہو اسے وہ ضرور مسترد کردیتے ہیں اور کرتے رہیں گے۔

طالبان سے متعلق اب تک لوگوں کے اندازے درست نہیں ہیں۔ میں معذرت کے ساتھ عرض کروں گا ایک وقت تھا کہ بعض حضرات اپنے تجزیوں اور تجربات کی بناء پر کہا کرتے ہیں کہ طالبان فلاں علاقے میں پہنچے اور ان کی مزاحمت نہیں ہوئی وہ ایسے گزر گئے لیکن وہ جب سروبی یا فلاں مقام تک پہنچیں گے تو انہیں پتا چلے گا کہ جنگ کسے کہتے ہیں اور ایک ایک انچ کے لئے انہیں خون دینا ہوگا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے طالبان سروبی بھی پہنچے اور طالبان سروبی سے گزر کر کابل بھی پہنچے۔ اس وقت طالبان کے متعلق جو اندازے لگائے گئے تھے وہ درست نہیں تھے۔

میں عرض کرتا ہوں کہ اسی طریقے سے اب جو ہمارے اندازے ہیں یہ بھی کافی حد تک درست نہیں ہیں۔ ہمیں چاہئے کہ ملک کی بقا اور استحکام کے لئے ہر سطح پر بھرپور توجہ دیں جو کہ کافی عرصہ سے بیرونی سازشوں اور اندرونی بدامنی کا شکار ہے۔ ہم بیرونی سازشوں کا آلہ کار بننے کے بجائے طالبان اسلامی تحریک کے دست و بازو بن کر خطہ میں مکمل اسلامی انقلاب لاکر پوری دنیا کے لئے ایک بہترین مثال بنیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

مجلس تعاون اسلامی کے مقاصد

- دنیا بھر میں اسلامی قوتوں کی جدوجہد آزادی کی بھرپور حمایت کرنا۔
- دنیا بھر میں علمائے کرام کی قیادت میں اسلامی تحریکات کا احیاء کرنا۔
- افغانستان میں نفاذ شریعت کے عمل کی تکمیل کے لئے طالبان کی مدد کرنا۔
- جزیرۃ العرب کو خصوصی طور پر یہودی' عیسائی سازشوں سے محفوظ کرنا۔
- نوجوان نسل میں دینی جذبات کا صحیح رخ متعین کرنا۔
- مغربی ذرائع ابلاغ کے اسلام دشمن پروپیگنڈوں کا موثر اور بھرپور جواب دینا۔
- اسلام کے اجتماعی احکامات پر عمل کرنے کے لئے اسلامی ریاستوں کے قیام کی کوشش کرنا۔
- غلبہ اسلام کے لئے مسلمانوں میں جذبہ جہاد پیدا کرنا اور اس جذبہ کو اسلام کے لئے استعمال کرنا۔
- کشمیر' فلسطین' صومالیہ' چیچنیا' برما اور دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کی جدوجہد آزادی میں بھرپور تعاون کرنا۔
- عیسائی اور یہودی مشنریوں کی اسلامی ممالک میں ارتدادی سرگرمیوں کا تعاقب کرنا اور مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کرنا۔